سوال

(177)محلے سے صرف ایک آدمی کا اعتکاف کافی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان المبارک میں اعتکاف اگر ایک ہی شخص محلے کا کرے تو کیا سب کی طرف سے کافی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حنفیہ کے نزدیک اعتکاف سنت کفایہ ہے، ان کے نزدیک تو ایک کا بیٹھنا سب سے کفایت کرتا ہے، مگر اس دعوے کی دلیل میرے ناقص علم میں نہیں، اس لیے اس کو عین سنت جانتا ہوں۔ آنحضرت ﷺ کی ساری بیویاں معہ آنحضرت ﷺ کے اعتکاف بیٹھتی تھیں۔ گو آپ ﷺ نے ان کو اٹھا دیا تھا۔ مگر اس کی وجہ کچھ اور تھی۔ (۲۳ ربیع الثانی ۳۸ھ)
(فتاویٰ ثنائیہ جلد ۱ ص ۴۱۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 458